© rasailojaraid.com

## اخبار الجامعۃ والجماعۃ

### جامع مسجد العزیز اہل حدیث برلب دریا شمالی محلہ جہلم میں عظیم الشان سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس

مورخہ 27 دسمبر بروز جمعرات بعد از نماز عشاء جامع مسجد العزیز اہل حدیث برلب دریا (بند) شمالی محلہ جہلم میں عظیم الشان سیرۃ ساقی کوثر ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا اور شاعر اسلام قاری بشارت حسین مدنی اور حافظ عبدالوہاب مدنی نے حمد و نعت پیش کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض حافظ عبدالغفور متعلم مدینہ یونیورسٹی نے سرانجام دیئے۔ کانفرس سے مولانا قطب شاہ اور مولانا بہادر علی سیف خطیب سمندری نے خطاب کیا۔ پروگرام کے آخر میں تمام شرکاء کی ضیافت کی گئی۔

### تقریب عقیقہ پر درس قرآن

مورخہ 23 دسمبر بروز اتوار چوہدری محمد زکریا کے بیٹے محمد طلحہ کی پیدائش کے موقع پر سی آئی اے سٹاف ریور روڈ باغ محلہ جہلم میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں مولانا قطب شاہ نے ظہر کی نماز کے بعد تربیت اولاد کے موضوع پر درس دیا اور آخر میں دعا سے یہ بابرکت پروگرام تکمیل پذیر ہوا۔

### جامع مسجد حافظ بلال اہل حدیث شمالی محلہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 27 جنوری بروز اتوار جامع مسجد حافظ بلال اہل حدیث شمالی محلہ میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق منعقد ہوا، اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا محمد اصغر مدرس جامعہ علوم اثریہ نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ جلسہ سے مولانا قاری محمد یوسف راشد خطیب گوجرانوالہ نے خطاب کیا جبکہ شاعر اسلام قاری فداء الرحمٰن طیب نے نعتیہ کلام پیش کیا۔

### مدرسہ تدریس القرآن محمدیہ چترپڑی (میرپور) میں تبلیغی واصلاحی درس قرآن حکیم

مورخہ 30 دسمبر بروز اتوار بعد نماز عشاء مدرسہ تدریس القرآن محمدیہ چترپڑی میں پانچ خوش نصیب طلبہ کے حفظ القرآن کی تکمیل کے موقع پر عظیم الشان تبلیغی واصلاحی پروگرام وتقریب تقسیم اسناد منعقد ہوئی۔ جس میں استاذ العلماء حضرت مولانا حافظ مسعود عالم شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ فیصل آباد نے انتہائی عالمانہ وفاضلانہ درس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

قرآن حکیم ارشاد فرمایا۔ اس پروگرام میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر مہمان خصوصی تھے اس موقع پر رئیس الجامعہ نے نصیحت آموز صدارتی خطبہ ارشاد فرمایا۔

## سوہاوہ میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ

جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ کے قریب چوہدری تحمید ممتاز کی رہائش گاہ پر مورخہ یکم فروری بروز جمعۃ المبارک ساڑھے تین بجے سہ پہر عظیم الشان تبلیغی و اصلاحی جلسہ منعقد ہوا جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی جبکہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے سرپرستی فرمائی۔ پروگرام کا آغاز قاری منیب کی تلاوت سے ہوا اور شاعر اسلام قاری عبدالوہاب صدیقی نے حمد و نعت پیش کی۔ جلسہ سے مولانا قطب شاہ اور مولانا قاری محمد اکرم زاہد بھٹوی خطیب گوجرانوالہ نے خطاب کیا۔ پروگرام کے آخر میں نماز مغرب کے بعد رئیس الجامعہ نے دُعا فرمائی اور بعد ازاں مہمانوں کی ضیافت کی گئی۔

## وفیات

### قاری رحیم داد (امام و مدرس جامع مسجد اہل حدیث توحید چوک جہلم) کو صدمہ

مورخہ 22 دسمبر بروز ہفتہ قاری رحیم داد امام و مدرس جامع مسجد اہل حدیث توحید چوک لاہور موڑ جہلم کے والد محترم اچانک وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند اور بااخلاق انسان تھے۔

### قاری محمد الیاس (چتر پڑی) کو صدمہ اُن کے چچا ڈاکٹر محمد یوسف کا انتقال پُر ملال

مورخہ 30 دسمبر بروز اتوار قاری محمد الیاس چتر پڑی کے چچا ڈاکٹر محمد یوسف وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحوم صوم وصلوۃ کی پابندی کے ساتھ ساتھ انتہائی نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ استاذ العلماء حافظ مسعود عالم شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ فیصل آباد نے پڑھائی۔ جبکہ قبر پر رئیس الجامعہ نے دُعا کی۔

### شیخ محمد شیراز (مدنی محلہ جہلم) کو صدمہ

مورخہ 28 دسمبر بروز جمعہ جامعہ کے مستقل نمازی شیخ محمد شیراز کی نانی ساس اور خواجہ محمد شفیق کی ساس محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ نیک خاتون تھیں، مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔



© rasailojaraid.com